| Surname | | Other Names | |
|---|---|---|---|
| Centre Number | | Candidate Number | |
| Candidate Signature | | | |

Leave blank

General Certificate of Secondary Education
June 2004

**URDU**
**Reading Test**
**Higher Tier**

**3646/RH**

# H

Monday 24 May 2004 9.00 am to 9.50 am

**In addition to this paper you will require:**
the Stimulus for Question 8 on an insert (enclosed).

Time allowed: 50 minutes

**Instructions to candidates**
- Use blue or black ink or ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Write your answers in this combined question paper/answer book.
- In **Section B** answer the questions in **English.**
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.

**Information for candidates**
- Mark allocations are shown in brackets.
- The maximum mark for this paper is **45**.
- You are **not** allowed to use a dictionary at any time during this test.

| For Examiner's Use | | | |
|---|---|---|---|
| Page | Mark | Page | Mark |
| 2 / 3 | | | |
| 4 / 5 | | | |
| 6 / 7 | | | |
| 8 / 9 | | | |
| 10 / 11 | | | |
| 12 / 13 | | | |
| 14 / 15 | | | |
| 16 / 17 | | | |
| 18 / 19 | | | |
| 20 / 21 | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| Total (Column 1) → | | | |
| Total (Column 2) → | | | |
| TOTAL | | | |
| Examiner's Initials | | | |

# حصّہ (الف)

1 سوال نمبر۱: حصّہ (الف) میں لکھے ہوئے سوالات کے جوابات حصّہ (ب) میں تلاش کریں۔

## الف (سوالات)

| | |
|---|---|
| (i) | آپ کا نام کیا ہے؟ |
| (ii) | کل موسم کیسا تھا؟ |
| (iii) | آپ کا مشغلہ کیا ہے؟ |
| (iv) | آپ مستقبل میں کیا کرنا چاہتی ہیں؟ |
| (v) | آپ کی سال گرہ کب ہے؟ |

## ب (جوابات)

| | |
|---|---|
| A | بڑی ہو کر میں وکیل بننا چاہتی ہوں |
| B | مجھے طارق کہتے ہیں |
| C | میرا گھر اسکول کے قریب ہے |
| D | آندھی چل رہی تھی |
| E | میں اسکول میں آرٹ اور حساب پڑھتی ہوں |
| F | میں فارغ وقت میں تیراکی کرتا ہوں |
| G | میرے والد دکان دار ہیں |
| H | میں تین فروری کو سولہ سال کا ہو جاؤں گا |

• حصّہ (الف) کے نمبروں کو حصّہ (ب) کے صحیح جوابات کے انگریزی حروف سے ملائیں۔

مثال:

| | |
|---|---|
| (i) | B |
| (ii) | |
| (iii) | |
| (iv) | |
| (v) | |

*(4 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**


4

2 **سوال نمبر ۲: ریلوے اسٹیشن تک پہنچنے کی ہدایات**


آپ سڑک پر سیدھے (مثال) **E** چلتے جائیں۔ ایک میل کا فاصلہ طے کرنے کے بعد آپ ڈاک خانے کے نزدیک دائیں طرف (i) [ ] مُڑ جائیں۔ آپ کو سامنے ایک بہت بڑی مسجد نظر آئے گی۔ مسجد سے تھوڑا سا آگے جا کر پہلی سڑک پر نہیں دوسری سڑک پر بائیں طرف (ii) [ ] مُڑ جائیں۔ سو گز کے فاصلے پر آپ کو ٹریفک لائیٹس (iii) [ ] نظر آئیں گی۔ ٹریفک لائیٹس کے فوراً بعد بائیں طرف مُڑ جائیں۔ سامنے ریلوے اسٹیشن ہو گا۔

- ♦ صحیح جوابات کے انگریزی حروف اوپر خانوں میں لکھیں۔


**A**




**B**




**C**




**D**



**E**



**F**



*(3 marks)*

3

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

3 سوال نمبر ۳: نیچے مختلف قِسم کی فلموں کے بارے میں لکھا گیا ہے۔


مثال: مغربی ملکوں میں ایسی فلمیں زیادہ بنائی جاتی ہیں جن کو دیکھ کر انسان خوف زدہ ہو جاتا ہے۔


(i) ایشیائی فلمیں اکثر محبت کی کہانیوں پر بنائی جاتی ہیں۔ ان فلموں میں ہیرو اور ہیروئن کا جوان اور خوبصورت ہونا ضروری ہے۔

(ii) کچھ فلمیں محض لوگوں کو ہنسانے اور خوش کرنے کے لیے بنائی جاتی ہیں۔ ان میں اداکار اپنی باتوں سے لوگوں کو خوب ہنساتے ہیں۔

(iii) اس طرح کی فلموں کو بچّے اور بڑے سب پسند کرتے ہیں۔ ان میں مار دھاڑ نہیں ہوتی اور اداکاروں کے بجائے چلتی پھرتی تصویریں ہوتی ہیں۔


**A** **B** **C**









**D** **E** **F**







♦ تصویروں کے صحیح انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| مثال: | C |
| (i) | |
| (ii) | |
| (iii) | |

*(3 marks)*

—
*3*

سوال نمبر ۴: ایک اردو اخبار میں ورزش کے بارے میں یہ مضمون چھپا ہے۔ 4

## ورزش

آج کل لوگ بہت کم ورزش کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے اُن کی صحت پر بُرا اثر پڑ رہا ہے۔ ورزش کرنا تو ایک طرف لوگوں کو ایک دوسرے سے ملاقات کا وقت بھی نہیں ملتا۔ ٹیکنالوجی نے بھی لوگوں کو سُست بنانے میں بہت بڑا کردار ادا کیا ہے۔ کمپیوٹر کی مدد سے آپ لوگوں سے باتیں کر سکتے ہیں، پیغامات بھیج سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ سُپر مارکیٹ تک جانے کی بھی ضرورت نہیں کیونکہ کمپیوٹر یہ کام بھی ہم انسانوں کے لیے کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امیر ممالک میں موٹاپے اور دل کی بیماریوں میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ اس کے مقابلے میں دنیا کے غریب ملکوں میں جہاں لوگوں کو جسمانی محنت کرنی پڑتی ہے موٹاپے اور دل کی بیماریاں ترّقی یافتہ ممالک سے کم ہیں۔ موسم کا بھی انسانی صحت پر بُرا اثر پڑتا ہے۔ مثلاً یورپ میں سخت سردی کے باعث لوگ سال کا زیادہ تر حصّہ گھروں اور دفتروں کے اندر ہی گزار دیتے ہیں۔

- ہر جملے کے سامنے دیے گئے خانے میں صحیح (ص) غلط (غ) یا عبارت میں نہیں (م) کے حروف لکھیں۔ " کی " کو غور سے پڑھیں۔

| " کی " | |
|---|---|
| صحیح | ص |
| غلط | غ |
| عبارت میں نہیں | م |

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | آج کے دور میں لوگ ورزش پر بہت دھیان دیتے ہیں | غ |
| (a) | ورزش نہ کی جائے تو صحت خراب ہوسکتی ہے | |
| (b) | دِل کی بیماریاں غریب ملکوں میں امیر ملکوں سے کم ہوتی ہیں | |
| (c) | لوگوں میں ورزش کا شوق پیدا کرنے میں کمپیوٹر کا بڑا ہاتھ ہے | |
| (d) | سردیوں میں لوگ گھروں اور دفتروں میں بند ہوکر رہ جاتے ہیں | |

*(4 marks)*

سوال نمبر ۵: نیچے حصّہ (الف) کے جملوں کا دوسرا حصّہ (ب) میں تلاش کریں 5

| ب | | الف | |
|---|---|---|---|
| اور پاکستان کا دارالخلافہ ہے | A | فیصل مسجد کے اونچے مینار | (i) |
| کا عام پیشہ کھیتی باڑی ہے | B | وادی سوات اپنے قدرتی | (ii) |
| بہت دور سے نظر آتے ہیں | C | اسلام آباد ایک جدید شہر | (iii) |
| کوئی اعتبار نہیں | D | دیہات میں رہنے والے لوگوں | (iv) |
| حُسن کی وجہ سے بہت مشہور ہے | E | ہمیں اپنے اردگرد کے ماحول | (v) |
| کو صاف ستھرا رکھنا چاہیئے ۔ | F | برطانیہ کے موسم کا | (vi) |

• حصّہ "الف" کے نمبروں کے سامنے خانوں میں حصہ "ب" صحیح جوابات کے انگریزی حروف لکھیں۔

مثال:

| | |
|---|---|
| (i) | C |
| (ii) | |
| (iii) | |
| (iv) | |
| (v) | |
| (vi) | |

*(5 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

5

6 سوال نمبر ٦: آپ کی چچازاد بہن ثمینہ نے پاکستان سے آپ کو یہ خط لکھا ہے۔

کراچی۔ پاکستان

پیاری شازیہ/ پیارے شہزاد

آداب۔آپ کا خط ملا۔ پڑھ کر انتہائی خوشی ہوئی۔ہم سب لوگ یہاں (مثال) [ C ] سے ہیں۔ خط دیر سے لکھنے کی معافی چاہتی ہوں۔ دراصل امتحان سر پر تھے اور میں پڑھائی میں اس قدر (i) [ ] تھی کہ کسی بات کا ہوش تک نہیں تھا۔ میں نے اس سال اردو، انگریزی اور حساب کے علاوہ (ii) [ ] کا امتحان دیا ہے۔ دعا کریں کہ کامیاب ہو جاؤں۔ میں مستقبل میں (iii) [ ] بننے کا سوچ رہی ہوں جو کہ میری بچپن کی خواہش ہے۔ اپنے والدین سے اس بارے میں ابھی تک کوئی (iv) [ ] نہیں کیا ہے۔ لیکن مجھے یقین ہے کہ وہ مجھے اپنا شوق پورا کرنے کا موقع ضرور دیں گے۔ میری طرف سے سب کو سلام۔ خدا حافظ

آپ کی چچازاد بہن - ثمینہ

♦ نیچے دیے گئے الفاظ کے صحیح انگریزی حروف خط میں دیے گئے خانوں میں لکھیں۔

| | |
|---|---|
| موصول | A |
| مصروف | B |
| خیریت | C |
| شکایت | D |
| جغرافیہ | E |
| آرام | F |
| فضائی میزبان | G |
| ضرورت | H |
| وطن | I |
| مشورہ | J |

*(4 marks)*

—
4

7 سوال نمبر ۷: یہ اشتہار ہوٹل شالیمار کے بارے میں ہیں۔



لاہور کے ہوائی اڈّے سے باہر نکلتے ہی آپ کو سامنے ایک خوبصورت عمارت نظر آئے گی۔ یہ عظیم الشّان عمارت ہمارے جدید ہوٹل شالیمار کی ہے۔ ہوٹل کی تعمیر کے وقت اس بات کا خاص طور پر خیال رکھا گیا تھا کہ باہر سے آنے والے مہمانوں کے آرام اور پسند میں کوئی کسر نہ رہ جائے۔ تیراکی کے تالاب کے علاوہ ہوٹل کے پیچھے ایک بہت بڑا باغیچہ ہے جس میں طرح طرح کے پھلوں کے درختوں کے علاوہ دنیا بھر سے منگوائے گئے پھولوں کے پودے بھی لگائے گئے ہیں۔ ہمارا عملہ تمام یورپی زبانیں بول سکتا ہے۔ ہمارے ہاں جاپانی، چینی اور ایشیائی کھانے دستیاب ہیں۔ ہر کمرے میں غسل خانہ ہے اور ہوٹل میں لفٹ کی سہولت بھی موجود ہے تاکہ معذور مہمانوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

LEAVE MARGIN BLANK

ہوٹل کے بارے میں کون سی تین باتیں **درست** ہیں۔

| | |
|---|---|
| شالیمار ہوٹل ساحلِ سمندر کے بالکل قریب ہے۔ | A |
| ہوٹل لاہور ائیر پورٹ کے سامنے ہے۔ | B |
| باغیچے میں بیرونی ممالک سے لائے گئے پھلوں کے درخت لگائے گئے ہیں۔ | C |
| ہوٹل بناتے وقت باہر سے آنے والے مہمانوں کی پسند کا خاص خیال رکھا گیا۔ | D |
| ہوٹل میں کام کرنے والے لوگ صرف اردو اور انگریزی میں بات کرتے ہیں۔ | E |
| ہوٹل میں مشرقی طرز کے کھانے مِل سکتے ہیں۔ | F |

♦ صحیح جوابات کے انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

☐ ☐ ☐

*(3 marks)*


**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

3


**8** See insert for Question 8 Stimulus.

(i) پیر کے دن موسم کیسا ہوگا؟


**A**



**B**



**C**



**D**




♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(ii) منگل کے روز بارش کی وجہ سے کس بات کا امکان ہے؟

**A**



**B**



**C**



**D**




♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

(iii) منگل کے دن بارش رُکنے کے بعد کیا ہوگا؟


**A**




**B**



**C**






**D**



♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں؟ ☐

*(1 mark)*




(iv) بُدھ اور جمعہ کے موسم میں کون سی ایک جیسی بات ہے؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
|  |   |  |  |

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*



(v) جمعرات کو لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ باہر نہ جائیں اور گاڑی بھی نہ چلائیں۔ کیوں؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

(vi) اتوار کو موسم میں کون سی تبدیلی آئے گی؟

| A | B | C | D |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

سوال نمبر ۹: آپ انٹرنیٹ پر جنگ اخبار کی یہ خبریں پڑھتے ہیں۔ 9

| | |
|---|---|
| A | اس سال کپاس کی پیداوار میں دس فیصد اضافے کا امکان ہے۔ |
| B | پاکستان میں عام انتخابات میں کوئی بھی سیاسی پارٹی پوری اکثریّت حاصل نہیں کرسکی۔اس لیے مِلی جُلی حکومت کی توقّع ہے۔ |
| C | بی۔اے کے امتحانات کے نتائج اب مئی کے آخر میں نکلیں گے۔دیر کی وجہ اساتذہ کی ہڑتال ہے۔ |
| D | پاکستان کی فلمی صنعت کی ترقّی نہ کرنے کی وجہ حکومت کی بے توجّہی اور معیاری فلموں کی کمی ہے۔ |
| E | لاہور میں بسنت کا تہوار بڑی دُھوم دھام سے منایا گیا جس میں کئی قسم کے ثقافتی شو کیے گئے۔ |
| F | ڈاکٹروں کی کمی کی وجہ سے لوگ مُشکلات کا شکار ہیں۔حکومت مزید میڈیکل کالج کھولے اور ڈاکٹروں کے بیرونِ ملک جانے پر پابندی لگائے۔ |

کس خبر کا تعلّق کس موضوع سے ہے؟

♦ صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| (i) | تعلیم | |
| (ii) | تہذیب وثقافت | |
| (iii) | سیاست | |
| (iv) | صحت | |

*(4 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

4

LEAVE MARGIN BLANK

**SECTION B**

Questions and answers in **English.**

**10** You read Shah Rukh Khan's interview in an Urdu magazine.

علی شان: آپ کو اداکاری کا شوق کب اور کیسے پیدا ہوا؟

شاہ رُخ: اداکاری کا شوق مجھے بچپن ہی سے تھا۔ میں اسکول کے ڈراموں اور اسٹیج شوز میں بڑھ چڑھ کر حصّہ لیتا تھا۔ اردو اور انگریزی فلموں سے بھی میں نے بہت کچھ سیکھا۔

علی شان: آپ کے والدین کا آپ کے اداکاری کے شوق کے بارے میں کیا خیال تھا؟

شاہ رُخ: اکثر ایشیائی والدین کی طرح میرے والدین بھی مجھے کوئی بڑا افسر بنانا چاہتے تھے۔ لیکن میرا شوق دیکھ کر انہوں نے میرا بھرپور ساتھ دیا۔ میری پسند کو انہوں نے اپنی پسند بنا لیا۔ یہی چیز میرے اداکاری کے پیشے میں میری کامیابی کا سبب بنی۔

علی شان: کیا آپ اپنے خدمتِ خلق کے کام کے بارے میں کچھ بتائیں گے؟

شاہ رُخ: مجھے ہندوستان اور تیسری دنیا کے تمام غریب ممالک میں بڑھتی ہوئی غربت کا بے حد احساس ہے غریب لوگ غریب تر اور امیر لوگ زیادہ امیر ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ معاشرتی بے انصافی مجھے بہت تکلیف دیتی ہے اور میں اس بارے میں کچھ کرنا چاہتا ہوں۔

علی شان: اداکاری سے فارغ ہونے کے بعد آپ کا کیا کرنے کا ارادہ ہے؟

شاہ رُخ: ساری دنیا کے غریب لوگوں کے دُکھ درد بانٹنا تو میرے بس میں نہیں لیکن ہندوستان میں اس بے انصافی کے خلاف آواز اٹھانا میں اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ تعلیم غریبی دور کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔ میرا ارادہ ہے کہ میں مستقبل میں دور دراز علاقوں میں اسکول کھولوں جہاں غریب لوگوں کے بچے تعلیم حاصل کر سکیں۔

علی شان: آپ بہت مصروف آدمی ہیں۔ آپ اپنی گھریلو اور فلمی زندگی میں کس طرح سے توازن رکھتے ہیں؟

شاہ رُخ: جب میں شوٹنگ پر ہوتا ہوں تو میں صرف اور صرف ایک اداکار ہوتا ہوں۔ لیکن گھر پر میں سوائے ایک خاوند اور والد کے اور کچھ بھی نہیں ہوتا۔ مجھے اپنی بیوی اور بچے کی خوشیوں کا بہت خیال ہے اور میں ان کی ہر جائز خواہش کو پورا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں۔ میں نے کبھی گھر کی زندگی اور باہر کی فلمی زندگی کو ایک دوسرے پر بوجھ نہیں بننے دیا۔

LEAVE MARGIN BLANK

(a) What made Shah Rukh Khan want a career in acting?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(b) What makes you feel that Shah Rukh Khan's parents are different from traditional Asian parents?

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

*(2 marks)*

(c) What are Shah Rukh Khan's views about social injustice in the world? Give **two** details.

1 ........................................................................................................................................

2 ........................................................................................................................................

*(2 marks)*

(d) What does he intend to do after ending his film career and why?

..........................................................................................................................................

..........................................................................................................................................

*(2 marks)*

(e) What makes you feel that Shah Rukh Khan is a good family man? Give **two** details.

1 ........................................................................................................................................

2 ........................................................................................................................................

*(2 marks)*

**END OF TEST**

*—*
*9*

LEAVE
MARGIN
BLANK

**THERE ARE NO QUESTIONS PRINTED ON THIS PAGE**

LEAVE
MARGIN
BLANK

**THERE ARE NO QUESTIONS PRINTED ON THIS PAGE**

**THERE ARE NO QUESTIONS PRINTED ON THIS PAGE**

**Acknowledgements of copyright-holder and publishers**
Permission to reproduce all copyright material has been applied for. In some cases, efforts to contact copyright owners have been unsuccessful and AQA will be happy to rectify any omissions of acknowledgements in future if notified.

Copyright © 2004 AQA and its licensors. All rights reserved.